۳؍سالہ نصاب تعلیم برائے شعبۂ ناظرہ و دینیات مع اسکول

سال سوم

متوقع عمر: ۹ سال — پانچویں کلاس

ساعت	اجمالی نصاب	ہفتہ واری گھنٹیاں (کل ۴۸؍گھنٹیاں)
اولی، ثانیہ	ناظرہ قرآن کریم مکمل اور دور	۱۲؍گھنٹیاں
ثالثہ	عم پارہ حفظ	۶؍گھنٹیاں
رابعہ	انگلش، (EVS)	۶؍گھنٹیاں
خامسہ	میتھ	۶؍گھنٹیاں
سادسہ	ہندی، (SST)	۶؍گھنٹیاں
سابعہ	اردو: [اردو کی دوسری کتاب بعدہ تعلیم الاسلام حصہ سوم و چہارم]	۶؍گھنٹیاں
ثامنہ	۱۰؍اہم دعائیں اور ۱۵؍حدیثیں مع ترجمہ، نواقض وضو اور نماز کے مفسدات،	۳؍گھنٹیاں
	نماز وتر، دعائے قنوت ۱۰؍اسلامی عقیدے	۳؍گھنٹیاں

(۱) ایک ہفتہ میں ۴۵؍منٹ کے اعتبار سے ۴۸؍گھنٹیاں ہوں گی اور ایک دن میں ۸؍گھنٹیاں لگیں گی، مذکورہ نصاب تعلیم ہفتہ واری گھنٹیوں کی تقسیم کے اعتبار سے تیار کیا گیا ہے۔

۱۰/ اہم دعائیں

[۱] کھانے کے درمیان یہ دعا پڑھیں	[۲] نماز فجر و مغرب کے بعد یہ دعا پڑھیں	[۳] جب آئینہ میں اپنا چہرا دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں
اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْرُ	اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ	اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ
[۴] جب گھر سے نکلیں تو یہ دعا پڑھیں	[۵] جب مصافحہ کریں تو یہ دعا پڑھیں	[۶] جب کسی مسلمان کو ہنستا ہوا دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں
بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ	یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ	اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّکَ

[۷] جب چھینک آئے تو یہ دعا پڑھیں	[۸] جب آپ روزے کی نیت کریں تو یہ دعا پڑھیں
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ عَلٰی کُلِّ حَالٍ اور چھینک نے والے کو یہ جواب دیں: یَرْحَمُکَ اللّٰہُ	بِصَوْمِ غَدٍ نَوَیْتُ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ
[۹] جب روزہ افطار کریں تو یہ دعاء پڑھیں	[۱۰] افطار کے بعد یہ دعا پڑھیں
اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ	ذَھَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ

۱۵/ اہم حدیثیں

[۱] لَا تُقْبَلُ صَلٰوۃٌ بِغَیْرِ طُھُوْرٍ	[۲] کُلْ مِمَّا یَلِیْکَ	[۳] کُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَۃٌ
کوئی نماز پاکی کے بغیر قبول نہیں کی جاتی	اپنی جانب سے کھاؤ	ہر نیک کام صدقہ ہے

[۴] اِنَّ اللّٰہَ رَفِیْقٌ یُحِبُّ الرِّفْقَ	[۵] لَا یَأْکُلَنَّ اَحَدٌ مِّنْکُمْ بِشِمَالِہٖ
بیشک اللہ تعالیٰ مہربان ہے، مہربانی کو پسند کرتا ہے	تم میں سے کوئی شخص بائیں ہاتھ سے نہ کھائے
[۶] حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَۃِ	[۷] لَا یَشْرَبَنَّ اَحَدٌ مِّنْکُمْ قَائِمًا
گمان کی عمدگی عبادت کی عمدگی سے ہے	تم میں سے کوئی شخص کھڑے ہو کر ہرگز نہ پیئے
[۸] اَحَبُّ الْبِلَادِ اِلَی اللّٰہِ مَسَاجِدُھَا	[۹] اَبْغَضُ الْبِلَادِ اِلَی اللّٰہِ اَسْوَاقُھَا
بہترین جگہیں اللہ کے نزدیک مسجدیں ہیں	بدترین جگہیں اللہ کے نزدیک بازار ہیں

[۱۰] لَا تَحْقِرَنَّ شَيْئًا مِّنَ الْمَعْرُوْفِ	[۱۱] لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهٗ
کسی بھی نیکی کو حقیر نہ سمجھو	اس شخص کا ایمان نہیں جس میں امانت نہ ہو
[۱۲] وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهٗ	[۱۳] زَيِّنُوْا الْقُرْآنَ بِاَصْوَاتِكُمْ
اور اس شخص کا دین نہیں جس میں عہد و پیمان نہیں	قرآن پاک کو اپنی آوازوں سے مزین کرو
[۱۴] اَلْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِيْمَانِ	[۱۵] خَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ
حیا ایمان کا ایک حصہ ہے	لوگوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ

نواقض وضو

نواقض وضو: ۸/ چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، انھیں ''نواقض وضو'' کہتے ہیں۔

[۱] پاخانہ پیشاب کرنا یا ان دونوں راستوں سے کسی اور چیز کا نکلنا۔	[۲] ریح یعنی ہوا کا پیچھے سے نکلنا۔
[۳] بدن کے کسی مقام سے خون یا پیپ کا نکل کر بہہ جانا۔	[۴] منہ بھر کے قے کرنا۔
[۵] لیٹ کر یا سہارا لگا کر سو جانا۔	[۶] بیماری یا کسی اور وجہ سے بے ہوش ہو جانا
[۷] پاگل ہو جانا۔	[۸] نماز میں قہقہہ مار کر ہنسنا۔

مفسدات نماز

ایسی چیزیں جن سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

[۱] نماز میں کلام کرنا قصداً ہو یا بھول کر تھوڑا ہو یا بہت ہر صورت میں نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

[۲] کسی شخص کو سلام کرنا۔

[۳] سلام کا یا چھینکنے والے کا جواب دینا یا نماز سے باہر والے کسی شخص کی دعا پر آمین کہنا۔

[۴] کسی بری خبر پر ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' پڑھنا یا کسی اچھی خبر پر ''الحمد للہ'' کہنا یا کسی عجیب خبر پر ''سبحان اللہ'' کہنا۔

[۵] درد یا رنج کی وجہ سے ''آہ'' یا ''اوہ'' یا ''اُف'' کرنا۔

[۶] اپنے امام کے سوا کسی دوسرے کو لقمہ دینا یعنی قرأت بتانا۔

[۷] قرآن شریف دیکھ کر پڑھنا۔

[۸] قرآن مجید پڑھنے میں کوئی سخت غلطی کرنا۔

دعائے قنوت

أَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْتَعِينُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ
الٰہی ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں
وَنُثْنِي عَلَيْكَ الْخَيْرَ ، وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ
اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں، اور تیرا شکر ادا کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور
وَنَتْرُكُ مَنْ يَفْجُرُكَ، أَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّي
چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے، الٰہی ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے ہیں
وَنَسْجُدُ وَإِلَيْكَ نَسْعىٰ وَنَحْفِدُ وَنَرْجُو رَحْمَتَكَ
اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور خدمت کیلئے حاضر ہوتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار ہیں
وَنَخْشىٰ عَذَابَكَ، إِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ۔
اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں، بے شک تیرا عذاب کافروں کو ملنے والا ہے۔

اسلامی عقیدے

س[۱]: تم اپنا سر کس کے سامنے جھکاتے ہو؟

ج: ہم اپنا سر صرف اللہ تعالیٰ کے سامنے جھکاتے ہیں۔

س[۲]: جو لوگ خدا تعالیٰ کو نہیں مانتے انہیں کیا کہتے ہیں؟

ج: ایسے لوگوں کو کافر کہتے ہیں۔

س[۳]: جو لوگ خدا تعالیٰ کے سوا اور چیزوں کی پوجا کرتے ہیں یا دو تین خدا مانتے ہیں انہیں کیا کہتے ہیں؟

ج: ایسے لوگوں کو کافر اور مشرک کہتے ہیں۔

س[۴]: مشرک بخشے جائینگے یا نہیں؟

ج: مشرکوں کی بخشش نہیں ہوگی۔

س[۵]: کیا اللہ تعالیٰ کے ماں باپ اور اولاد ہے؟

ج: اللہ کا نہ باپ ہے، نہ بیٹا، نہ بیٹی، نہ بیوی، نہ اس کا کسی سے رشتہ ہے، وہ خود بخود ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

س[۶]: کیا کوئی چیز اللہ کے مانند ہے اور کیا کوئی چیز اللہ کے علم سے پوشیدہ ہے؟

ج: کوئی چیز اللہ کے مانند نہیں، وہ سب سے نرالا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ہر چیز پر قدرت ہے، کوئی چیز اس کے علم سے پوشیدہ نہیں۔

س[۷]: کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی یا رسول آسکتا ہے؟

ج: حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے آخری نبی اور رسول ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آسکتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت تک تمام جن وانس کے نبی ہیں،

س[۸]: کیا کوئی آدمی اپنی کوشش اور عبادت سے نبی بن سکتا ہے؟

ج: نہیں، بلکہ جسے خدا تعالیٰ نبی بنائے وہی بنتا ہے، اور کوئی آدمی ولایت کے کتنے ہی بڑے درجے کو پہنچ جائے مگر کسی نبی کے برابر نہیں ہوسکتا۔

س[۹]: کیا کسی ولی سے شریعت کے احکام نماز روزہ وغیرہ معاف ہوسکتے ہیں؟

ج: کوئی خدا کا کیسا ہی پیارا ہوجائے مگر جب تک ہوش وحواس درست ہیں، شریعت کے تمام احکام نماز وروزہ وغیرہ کا پابند رہنا فرض ہے۔

س[۱۰]: جو آدمی شریعت کے خلاف چلے کیا وہ خدا کا دوست ہوسکتا؟

ج: جو شریعت کے خلاف چلے وہ خدا کا دوست اور بزرگ نہیں ہوسکتا۔

تربیت

[۱] سب ایک ساتھ ملکر کھانا کھاؤ، الگ الگ نہ کھاؤ۔
[۲] جو بھی برا عمل کرے گا، اس کی سزا پائے گا۔
[۳] برائی کو مٹانے کیلئے نیکی کرلیا کرو۔
[۴] جھوٹ بولنا سب سے بڑا گناہ ہے۔
[۵] اللہ تعالیٰ کو بندے کی دعا سب سے زیادہ پسند ہے۔
[۶] جب تم کسی ضرورت مند کو دیکھو تو اس کی مدد کرو۔
[۷] ایک دوسرے سے دشمنی مت رکھو۔
[۸] غریب کو اپنے ہاتھ سے دینا، بری موت سے بچاتا ہے۔
[۹] کنجوسی سے بچو۔
[۱۰] کھڑے ہوکر پیشاب نہ کرو۔

ترانہ

ابتداء لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ انتہا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
خلد میں ہر شجر کے پتوں پر ہے لکھا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
عرش و کرسی پے نور کے خط سے ہے لکھا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
ہے محمد رسول حق برحق مصطفی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
مرض معصیت کے بیمارو لودوا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
دیکھ پھر دل میں نور کا عالم کہہ ذرا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
نزع میں قبر میں زباں پر ہو اے خدا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
بچو سب مل کے پڑھو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ